ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((400

16-07-2022

بہاول پور() پولیس کی گزشتہ 03 روز میں سماج دشمن عناصر کے خلاف مختلف کارروائیاں، درجنوں ملزمان گرفتار،منشیات ، ناجائز اسلحہ اور داؤ پر لگی رقم برآمد،مقدمات درج،دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں،تا کہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی پالیسی " جرائم سے پاک معاشرہ'' پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے،تھانہ نوشہرہ جدید، بغداد الجدید،عباسنگر،کوتوالی اور ڈیرہ نواب صاحب پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 3260 گرام چرس برآمد کرلی۔ تھانہ صدر حاصلپور، کینٹ ، مسافرخانہ اور صدر احمد پور شرقیہ نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 190 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ مسافر خانہ،نوشہرہ جدید، صدر یزمان، خیر پور ٹامیوالی، قائمپور، کینٹ، ڈیرہ نواب صاحب، اوچ شریف اور ہیڈ راجکاں نے اسلحہ غیر قانونی رکھنے والے 10 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 09 عدد پسٹل 30 بور اور 02 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیے۔جبکہ پولیس تھانہ سمہ سٹہ نے قمار بازوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 09 ملزمان کو گرفتار کرتے ہوئے داؤ پر لگی رقم اور جوئے کا سامان برآمد کرلیا۔اسی طرح تھانہ صدر بہاولپور اور ڈیرہ نواب صاحب نے نیشنل ایکشن پلان کے تحت کاروائیاں کرتے ہوئے ساؤنڈ سسٹم و پنجاب عارضی رہائش ایکٹ کی خلاف ورزی پر 03 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے،ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تا کہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((401

16.07.2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی کھلی کچہری، 30 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے، ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتریں کھلی کچہری، جس یں 30 شہریوں نے شرکت کی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری یں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری یں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تاکہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔عام آدمی کو اس کی دہلیز پر انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈی پی او عبادت نثار اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنتے ہوئے۔